امام زین العابدینؑ مختارؓ کے معاملہ میں کھل کر کسی طرح کی ہم آہنگی کا اعلان نہیں کرتے تھے اگرچہ بعض روایتیں اس بات کی شاہد ہیں کہ آپؑ کا مختار سے خفیہ طور پر رابطہ قائم تھا، چنانچہ یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ امام سجادؑ نے علی الاعلان ان سے کبھی کسی طرح کا رابطہ نہیں رکھا بلکہ بعض روایت کے مطابق آپؑ عام نشستوں میں مختارؓ سے اپنی ناراضگی کا اظہار بھی کرتے تھے آپ اس سلسلہ میں تقیہ سے کام لے رہے تھے تاکہ دشمن کو انکے درمیان کسی خفیہ رابطے کا شک بھی نہ ہو۔۔(page 193 , 194)



لذامی بینیم در قضیه مختار اعلام هماهنگی نمیکنند، گرچه در بعضی روایات آمده است که ارتباطاتی پنهانی با مختار داشتند، ولی هیچ شکی نیست که آشکارا با او هیچ روابطی نداشته اند و حتی در بعضی روایات دیده میشود که امام سجاد نسبت به مختار بدگویی میکنند، و این طبیعی به نظر میرسد که این یک عمل تقیه آمیزی باشد که رابطه ای بین آنها احساس نشود

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ کے خلاف باتیں
بنو امیّہ کا پروپیگنڈا ھیں

آیت اللہ عبداللہ مامقانی فرماتے ہیں کہ

قیام مختارؓ ، امام زین العابدینؑ کی خاص اجازت کے ساتھ انجام پایا تھا۔۔۔ اور مختصر یہ کہ حضرت مختارؓ کے خلاف جو بھی مشہور ہے وہ بنی امیّہ کے پروپینگنڈے کا نتیجہ ہے۔۔

(تنقیح المقال، مامقانی ج3ص 206)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

علامہ مجلسیؒ نے جناب مختارؓ کی شخصیت کے بارے میں لکھا ہے کہ:

مختار، رسول خدا (ﷺ) کے اہل بیت علیہم السلام کے فضائل بیان کیا کرتا تھا اور حتی امیر المؤمنین علی علیہ السلام، امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کے فضائل لوگوں میں پھیلایا کرتا تھا اور مختار کا عقیدہ تھا کہ رسول خدا (ﷺ) کا خاندان ہی امامت اور حکومت کیلئے سب سے زیادہ مناسب ہے اور وہ اہل بیت علیہم السلام پر ہونے والے مظالم اور مصائب کے بارے میں ہمیشہ غم و غصے کی حالت میں رہتا تھا۔

(بحار الانوار، ج45، ص352)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

https://downloadshiabooks.com/

https://downloadshiabooks.com/

https://downloadshiabooks.com/

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ سے متعلق
آیت اللہ سیّد ہاشمی شاہرودی کا نظریہ

مختارؓ روایات کے مطابق ایک مومن
اور شریف النّفس انسان تھے
اور سیّد الشہدا کے قاتلوں کو
جہنم واصل کیا تھا
اور اُنہوں نے یہ ایک عظیم کارنامہ
انجام دیا ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

http://www.hashemishahroudi.org/fa/questions/156/2

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

امامِ خمینیؒ کی زوجہ خانم خدیجہ ثقفی ، حضرت مختارؓ کی نسل سے ہیں

امام خمینیؒ کی آفیشل عربی سائٹ پر ان کے شجرۂ نسب کی تفصیل تحریر ھے

سيدة الثورة برواية الوثائق..شجرة نسب السيدة خديجة الثقفي

تم إعداد شجرة نسب اسرة السيدة خديجة الثقفي بواسطة احد احفاد العائلة وهو العقيد فتح علي خان توبجي الثقفي.

ID: 39360 12/04/2015

تم إعداد شجرة نسب اسرة السيدة خديجة الثقفي بواسطة احد احفاد العائلة وهو العقيد فتح علي خان توبجي الثقفي، الذي ذكر كيفية تدوين هذه الشجرة قائلاً:" الذي جمعته في هذا المضمار، كان، من بعض كتب الأنساب، مثل كتاب "بحر الأنساب" الموجود في مكتبة سبهسالار(مدرسة الشهيد مطهري العالية)، اولاً وكذلك، من الاجداد و القدمي و المعمرين في منطقة كمرود نور و هي مسقط رأس آبائي، ثانياً. اضافة الى انّ كثيراً ممن وردت اسماؤهم، كنت معاصراً لهم في حياتهم. وعند تاسيس دائرة الجنسية، اخترنا لقب"الثقفي". كان العقيد فتح علي خان، احد اعيان العصر القاجاري و كان مدير شرطة طهران، خلال فترة من الزمن، وكذلك، فان بعض افراد هذه الاسرة، اختاروا كلمة" كلانتر" اضافة الى اللقب المذكور اعلاه. يقول العقيد فتح علي خان" انّ الجد الاعلى للعائلة هو المختار بن ابي عبيدة الثقفي، وهو من العظماء و ذي الشهامة في العالم".

وكما زوِيَ في الكتب التاريخية، كـ "بحر الانسان" فانّ المختار بن ابي عبيدة الثقفي، كان له ثلاثة اولاد: راشد، علي وحمزة. اما راشد فكان صاحب اربعة اولاد: محمد، مختار، اسد وجعفر.. وكانوا في الكوفة. مختار بن راشد كان له ولدان: حسين و حمزة. وبعد مقتل والدهما وعمها، غادر بغداد الى ولاية دار المرز، رستم دار نهاوند، وسكنا رودبار العليا، في بندك، في محل سراس، قرية كمر رود،حيث ازداد جمعهم وتلقّبوا بـ "دراز" (كما ذُكر في بحر الأنساب، الموجود في المكتبة المباركة في مدرسة سبهسالار الجديدة- مدرسة الشهيد مطهري العالية- حالياً).

كان لـ : حسين و حمزة في ايران وفي المنطقة (سراس كمر) محل سكونتهما، ابناء وذرية . ذكروا في عدد من كتب التاريخ. كنموذج لذلك، شجرة نسب ابناء حسين واحفاده و ماحصل منهم من ذرية، مذكورة، متسلسلة: ابراهيم خليل بن محمدجلال الدين، بن جليل، بن خليل، بن اسماعيل، بن ابراهيم، بن احمد مختار جلال الدين، بن عبد الحميد، بن عبد المجيد، بن مختارعلي، بن محمود كمال الدين، بن اسماعيل، بن اسد الله، بن حسين، بن ابراهيم، بن حسن، بن علي، بن عبدالله، بن حسين، بن مختار، بن راشد، بن مختار، بن ابي عبيدة الثقفي.

ar.imam-khomeini.ir/ar/n11516/أخبار/سيدة_الثورة_برواية_الوثائق_شجرة_نسب_السيدة_خديجة_الثقفي

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت امیر مختارؓ کے بارے میں
آیت اللہ العظمی سید صادق روحانی کا نظریہ

مختار، مسلماً از مردان بزرگ الهی بوده و قطعاً جای او در بهشت است.

مختارؓ یقیناً اللہ کے برگزیدہ بندے تھے اور ان کا مقام قطعی طور پر جنت ہے۔

استفتاء پایگاہ اطلاع رسانی دفتر حضرت آیت اللہ العظمی روحانی «مدظلہ العالی

www.rohani.ir

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)



حضرت مختار ثقفیؓ کے متعلق آیت اللہ سعید الحکیم کا نظریہ

اُس روایت کے مطابق جس میں مختارؓ کے بیٹے نے خود آ کر امام معصومؑ سے اپنے والد کے متعلق سوال کیا تھا کہ تو امامؑ نے مختارؓ کی تعریف کی تھی، اس روایت سے پتہ چلتا ہے کہ مختارؓ صحیح العقیدہ شخص تھے اور اہلبیتؑ کے راستے کی پیروی کرنے والے تھے۔۔ استفتاء آیت اللہ العظمی سیّد سعید الحکیم طباطبائی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 https://downloadshiabooks.com/
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ کا قیام
آئمہ معصومینؑ کی تائید سے ہوا تھا



آیت اللہ سیّد حسین عزالدین حسینی زنجانی ایک استفتاء میں فرماتے ہیں کہ

روایات کے مجموعہ سے استفادہ ہوتا ہے کہ قیامِ مختار آئمہ معصومینؑ کی تائید سے واقع ہوا تھا۔۔ اور امامِ سجادؑ نے تقیہ کے باعث واضح طور پر مختارؓ کی تائید نہ کی تھی اور سکوت اختیار کیا تھا۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

https://downloadshiabooks.com/

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ کا زیارت نامہ شہیدِ اوّلؒ کا تحریر کردہ ھے

آیت اللہ عبد الحسین الامینیؒ (صاحب کتاب الغدیر) فرماتے ہیں کہ

شہیدِ اوّل محمد ابن جمال الدین مکیؒ، حضرت مختارؓ کی عظمت کے اس قدر قائل تھے کہ ان کی قبر پر لکھا گیا مخصوص زیارت نامہ شہیدِ اوّل نے خود اپنی کتاب المزار میں تحریر فرمایا تھا جس میں انکے درست عقیدے اور انکی اہلبیتؑ کی ولایت کے معتقد ہونے اور معصومینؑ کی رضایت و خوشنودی حاصل کرنے کی گواہی لکھی ہے۔۔



السلام علیک ایھا الآخذ بثأر الحسین الغریب و الشھید الکربلا
السلام علیک یا من ادخل السرور علي الائمه الاطھار و الابرار
السلام علیک یا ابا اسحاق المختار
السلام علیک یا محارب الکفرہ و الفجار علیه اللعنه و سوء الدار
السلام علي من ترحم علیه الامام زین العابدین اذ قال رحم الله المختار فانه رحم الله المختار
فانه بني دورنا و اعش ایتامنا
السلام علي من ترحم علیه الامام الباقر (ع) اذ قال رحم الله المختار فانه ما فرحت و
لا ابتھجت ھاشمیه و لا ادخل سرور علي بیت علوي حتي ارسل المختار براس
عبید الله ابن زیاد و براس عمر بن سعد الي المدینه
السلام علي من ترحم علیه الامام الصادق (ع) فرحمک الله ایھا المختار و حشرک الله
مع الابرار و الائمه الاطھار
و جعلنا و ایاک من الطالبین ثار الحسین یوم ینادي المنادي یا لثارات الحسین
لعن الله من قتلک و من سعي بقتلک و سلام الله علیک و علي المستشھدین بین یدیک
من الصالحین و المومنین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

امیر مختارؓ کو کیسانیہ فرقہ کا بانی کہنا ان کی شخصیت کشی کی سازش ہے۔۔

آیت اللہ خوئیؒ نے مختارؓ پر کیسانیہ فرقے کا موسس ہونے کے الزامات کو غیر شیعہ علماء کی طرف سے مختارؓ کی شخصیت کشی کی سازش قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اُن کے خلاف موجود روایات سب جعلی اور مردود ہیں اور مذہب کیسانیہ کی تاسیس کو مختارؓ اور حضرت محمد بن حنفیہؒ کی موت کے بعد قرار دیا ہے۔۔

معجم الرجال الحدیث
آیت اللہ خوئیؒ
ج18 ص 103،102

علامہ عبدالحسین الامینیؒ صاحب الغدیر نے مختارؓ کے کیسانیہ فرقے کے بانی ہونے کو شدّت سے رَد کیا ہے۔۔



الغدیر، امینیؒ ج1ص 343

آیت اللہ شیخ عبداللہ مامقانیؒ مختلف دلائل کی روشنی میں اس مطلب کو قبول نہیں کرتے اور آپ نے مختارؓ کے کیسانی ہونے کو رَد کیا ہے۔۔

تنقیح المقال، مامقانی ج3ص 205و206

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

https://downloadshiabooks.com/

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ کی بہادر زوجہ کی دردناک شہادت

مصعب نے نعمان بن بشیر کی بیٹی عمرہ جو کہ مختارؓ کی زوجہ تھیں، کو مختارؓ سے بیزاری اختیار کرنے پر مجبور کیا لیکن انہوں نے اسے قبول نہیں کیا۔

مصعب نے عمرہ سے کہا کہ مختارؓ کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟

عمرہ نے کہا وہ ایک پرہیزگار شخص تھے اور ہر روز روزہ رکھتے تھے۔

اس پر مصعب نے اُن کی گردن اڑانے کا حکم دیا اور

اسلام میں یہ پہلی خاتون تھیں جن کی تلوار کے ذریعے

گردن اڑا دی گئی۔۔ (تاریخ الیعقوبی،ج2،ص:264)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ کی شہادت کے بعد ان کے حامی جنگی تعداد 6000 تھی ، مصعب بن زبیر نے انہیں امان دینے کا وعدہ دیا تھا، وعدے کی مخالف کرتے ہوئے مصعب نے ان تمام 6000 افراد کو قتل کر دیا۔

أخبار الدولة العباسية، ص:182

مصعب کا یہ کام اتنا وحشت ناک تھا کہ جب عبداللہ ابن عمر نے اس سے ملاقات کی تو کہا یہ 6000 کی تعداد اگر تمہارے باپ کی بھیڑ بکریاں بھی ہوتیں تو تب بھی اس کام کو انجام نہیں دینا چاہئے تھا۔

أنساب الأشراف، ج6، ص:445

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ کی امامِ حسینؑ کے لئے خدمات

مشہور عالمِ برادرانِ اہلسنتؒ علامہ شمس الدین ذہبی اپنی کتاب سیر اعلام النبلاء میں لکھتے ہیں کہ:

معاویہ کے دور میں مختار امام حسینؑ کے حق میں بعض کام انجام دیتے تھے معاویہ کے دور میں بصرہ جا کر بصرہ والوں کو امام حسینؑ کے حق میں آمادہ کرتے تھے۔

اس وقت عبید اللہ ابن زیاد معاویہ کی طرف سے بصرہ میں بعنوان گورنر منصوب تھا، اس نے مختار کو گرفتار کرکے 100 کوڑے لگائے تھے۔۔

(ذہبی، سیر اعلام النبلا، ج3ص544)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ ثقفی کی نظر میں شہادتِ امامِ حسینؑ کی عظمت

14 ربیع الاول سن 66 ہجری قمری کو مختارؓ نے امام حسینؑ اور آپ کے باوفا اصحاب کے خون کا بدلہ لینے کی نیت سے قیام کا آغاز کیا تو کوفہ کے شیعوں نے بھی مختار کا ساتھ دیا۔ مختارؓ کہا کرتے تھے کہ خدا کی قسم اگر قریش کا دو تہائی حصہ بھی قتل کیا جائے تو امام حسینؑ کی ایک انگلی کے برابر بھی نہیں ہوگا۔

تاریخ ابن خلدون/ترجمہ متن، ج2ص44
الفخری، ص:122

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

قیامِ حضرت مختارؓ ثقفی کے دو مشہور نعرے

حضرت مختارؓ نے اس قیام میں دو نعروں یا لثارات الحسین اور یا منصور امت کا استعمال کیا۔ حضرت مختارؓ نے جنگی لباس زیب تن کرتے وقت انہی دو نعروں کے ساتھ اپنے سپاہیوں کو جنگ کی اطلاع دی۔

البتہ ان دو نعروں کا اس سے پہلے بھی استعمال ہوا تھا "یا منصور امت" پہلی بار جنگ بدر میں جبکہ "یا لثارات الحسین" کے نعرے کا استعمال اس سے پہلے توابین کے قیام میں استعمال ہوا تھا۔ اسی طرح جب عمر ابن سعد مارا گیا تو کوفہ والوں نے بھی "یا لثارات الحسین" کا نعرہ لگایا تھا۔

أنساب الأشراف، ج6 ص390　تاریخ الطبری، ج6 ص20　أنساب الأشراف، ج6 ص407
الفتوح، ج6 ص233　أنساب الأشراف، ج6 ص370

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ ثقفی امام سجّادؑ کی امامت پر کامل ایمان رکھتے تھے

یہ بات غلط مشہور ہے کہ مختار لوگوں کو محمد ابن حنفیہؒ کی امامت کی طرف دعوت دیتے تھے۔علامہ علی بن عیسی اربلی نے اپنی کتاب کَشفُ الغُمّۃ فی مَعرِفَۃِ الائمّۃ میں اس رابطے کو ظاہری قرار دیا ہے اور مختار کے قیام میں محمد ابن حنفیہؒ کی دخالت کو امام سجادؑ کے زمانے کے مخصوص حالات کا تقاضا قرار دیا ہے۔

کَشفُ الغُمّۃ فی مَعرِفَۃِ الأئمۃ، ص254، علامہ علی بن عیسی اربلی

محمد ابن اسماعیل مازندرانی حائری اپنی کتاب منتہی المقال فی احوال الرجال میں مختارؓ کی محمد ابن حنفیہؒ کی امامت پر عقیدہ رکھنے کو قبول نہیں کرتے اور اسے امام سجادؑ کی امامت کے قائلین میں سے قرار دیتے ہیں۔۔

منتہی المقال فی احوال الرجال ص 65، محمد ابن اسماعیل مازندرانی حائری

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ کی مذمّت کی تمام روایات ضعیف ہیں

امام سجادؑ کا مختارؓ کے قاصد سے ملاقات نہ کرنے اس کے بھیجے ہوئے تحفے تحائف کو واپس بھیجنے اور اسے جھوٹا کہنے کی روایت۔۔۔اس روایت کو علماء رجال نے ضعیف قرار دیا ہے۔

معجم الرجال ج18 ص96 آیت اللہ ابو القاسم الخوئی

مختارؓ کی امام سجادؑ کی طرف جھوٹ کی نسبت دینے والی روایت ۔۔۔۔۔۔

یہ حدیث سند کے اعتبار سے ضعیف ہے۔

معجم الرجال، ج18 ص96 آیت اللہ ابو القاسم الخوئی

امام حسنؑ کو معاویہ کے ہاتھوں بیچنے کی روایت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آیت اللہ خوئیؒ اس روایت کو ضعیف و غیر قابل اعتماد قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ وہ اس طرح اپنے چچا کو آزمانا چاہتے تھے ۔ معجم الرجال ج18 ص97 آیت اللہ ابو القاسم الخوئی

آیت اللہ سید محسن امین عاملی بھی یہی عقیدہ رکھتے ہیں کہ مختارؓ اپنے چچا کا امتحان لینا چاہتے تھے ۔۔

اعیان الشیعہ ج7 ص230 آیت اللہ محسن امین عاملی

وہ روایت کہ مختارؓ اہل جہنم ہے لیکن امام حسینؑ کی شفاعت کے ذریعے نجات پائے گا۔۔۔

یہ حدیث بھی علم رجال کے ماہرین کے نزدیک ضعیف ہے۔

معجم الرجال، ج18 ص97 آیت اللہ ابو القاسم الخوئی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت مختارؓ ثقفی کی دینداری انکی ازواج کی زبانی

علامہ مسعودی نے مروج الذہب میں تحریر کیا ہے کہ

جس وقت مصعب ابن زبیر کو عراق پر قبضہ حاصل ہوا تو اُس نے جناب مختارؓ کی دونوں بیویوں کو اسیر کر لیا اور مختار پر لعن و نفرین کرنے کا حکم دیا تو بیویوں نے مصعب کو جواب دیا: ہم کیسے مختارؓ پر لعن اور بیزاری کا اظہار کر سکتے ہیں جب کہ انہوں نے ہمیشہ خدا پر بھروسہ کیا، دن میں روزہ رکھتے اور رات میں عبادت اور نماز و دعا اور پروردگار سے مناجات کیا کرتے تھے اور اپنی جان راہ رسولؐ میں ان کے اہلبیتؑ سے وفاداری اور خون کا انتقام لینے میں قربان کی ہے۔۔

مروج الذہب و معادن الجواہر
علامہ ابوالحسن علی ابن الحسین المسعودی

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

قیامِ مختارؓ ثقفی میں انکی فصاحت و بلاغت کا کردار

جناب مختارؓ کو اللہ نے فصاحت و بلاغت میں بھی ممتاز قرار دیا تھا، چنانچہ جوش و جذبے سے معمور تقریروں سے وہ لوگوں کو منقلب کر دیا کرتے تھے ان کے خطابات دوستوں کو جوش و ولولہ عطا کرتے تو دشمنوں کے حوصلے پست کر دیا کرتے تھے ان کے تیز و تند لب و لہجے سے بنی امیہ کے درمیان خوف و ہراس پھیل جاتا تھا۔

مؤرخین نے لکھا ہے: عبدالملک ابن مروان کا گورنر حجاج جب مختارؓ کا ذکر آتا تو اپنی تمام تر دشمنی کے باوجود فصاحت و بلاغت کی تعریف کرتا تھا اور مختار سے سنے ہوئے خوبصورت جملے نقل کیا کرتا تھا۔۔

(انساب الاشراف ج5ص216، ماهیت قیام مختار ص58و59)

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ کی معاشی زندگی کا ایک پہلو

مختارؓ کی ایک اور خصوصیات یہ تھی کہ اپنے مولا و آقا علیؑ ابن ابی طالبؑ
کی پیروی میں، عرب کے مالدار شرفاء کے برخلاف شخصی کام خود کرتے
اور روزی روٹی کے لئے کھیتی اور آب یاری میں مشغول رہتے تھے
ان کے کھیت کوفہ کے قریب محلّہ خُطرنیہ میں تھے جو ان کے چچا
سعد ابن مسعود نے خریدے تھے، سعد کو حضرت علیؑ نے مدائن کا گورنر بنایا
امام حسن علیہ السلام کے زمانہ میں بھی وہ اسی عہدے پر فائز رہے
جب امام حسن علیہ السلام پر لوگوں نے ہجوم کیا تو امیر شام سے صلح کے بعد
امام حسنؑ سعد کے گھر مہمان رہے اور معالجہ ہوا، اسی جرم میں امیر شام
نے مدائن کی گورنری سے معزول کر دیا اور سعد نے کوفہ کے قریب
زمین خرید کر وہیں رہائش اختیار کر لی تھی، چنانچہ جناب مختارؓ والد کی شہادت
کے بعد چچا کے ہمراہ رہتے اور ان ہی کے کھیت میں کھیتی کرتے تھے البتہ
کچھ موالی بھی کھیتی میں جناب مختارؓ کی مدد کرتے تھے۔۔

(مختار ثقفی ص 27)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

مختارؓ کے خلاف جھوٹے پروپیگنڈے سے بعض مومنین بھی متاثر ہوئے

علامہ ابن نما حلّی اپنی کتاب ذوب النضار، ص 146 پر لکھتے ہیں کہ

بہت سے علماء کو توفیق نصیب نہیں ہوئی ۔۔ اور اگر وہ مختار کے بارے میں آئمہ کے کلام میں غور کرتے تو جان لیتے کہ مختارؓ مجاہدین میں سے تھا کہ جنکی خداوند نے قرآن میں مدح کی ہے اور اسکے لیے امام سجادؑ کا دعا کرنا، اس بات کی دلیل ہے کہ ان حضرت کے نزدیک مختارؓ ایک خاص بندہ تھا، اور اگر وہ (مختار) غلط راستے پر ہوتا اور اگر ان حضرت کو علم ہوتا کہ اسکے اعتقادات ہمارے اعتقادات سے مخالف ہیں تو وہ حضرت مختارؓ کیلئے دعا ہی نہیں کرتے کہ جو قبول ہو اور اس صورت میں ان حضرت کا اسکے لیے دعا کرنا، ایک فالتو اور بیہودہ کام ہوتا، حالانکہ ایک حکیم امام فالتو و لغو کاموں سے منزہ و پاک ہوتا ہے۔ ہم نے آئمہ کے کلام کو، کتاب کے مختلف مقامات پر مختار کی مدح و تعریف میں اور اسکی مذمت کرنے سے منع کرنے کے بارے میں، بیان کیا ہے۔

مختارؓ کے دشمنوں نے اسکے لیے ایسی غلط باتیں ذکر کیں ہیں تا کہ اسکو شیعوں کے دلوں سے دور کر دیں، جسطرح کہ امیر المؤمنین علیؑ کے دشمنوں نے بھی انکے بارے میں ایسا ہی کیا تھا، اسی جعلی و جھوٹی باتوں کی وجہ سے ان حضرت کے بہت سے محبین ہلاکت کا شکار ہو گئے اور انکی اطاعت کرنے سے دور ہو گئے، لیکن ان حضرت کے سچے ولایت مدار افراد اسطرح کی غلط تہمتوں سے بالکل تبدیل نہ ہوئے اور وہ اسطرح کی غلط باتوں سے اخلاص کے راستے سے دور نہ ہوئے، مختار کے ساتھ بھی انھوں نے وہی کچھ کیا کہ جو انھوں نے امیر المؤمنین علی (ع) کے ساتھ انجام دیا تھا۔

الحلي، المعروف بابن نما الحلي من اعلام القرن السابع، ذوب النضار، ص146، تحقیق: فارس حسون کریم، سال چاپ: شوال المکرم 1416

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

برادرانِ اہلسنّت کے نزدیک
مختارِ ثقفیؒ اصحابِ رسولؐ میں سے تھا

اہل سنت کے صحابہ کے بارے میں عقیدے کے مطابق، مختارؒ رسولؐ خدا اصحاب میں سے ایک صحابی ہے۔

ابن حجر عسقلانی نے اسکے بارے میں کہا ہے کہ:

وقد تقدم غير مرة أنه لم يبق بمكة ولا الطائف أحد من قريش وثقيف إلا شهد حجة الوداع فمن ثم يكون المختار من هذا القسم

اس سے پہلے بھی کئی مرتبہ بیان ہو چکا ہے کہ سن 10 ہجری میں مکہ اور طائف میں، قبیلہ ثقیف و قریش میں سے کوئی فرد بھی ایسا باقی نہیں تھا کہ جو حجۃ الوداع میں رسولؐ اللہ کے ساتھ شریک نہ ہوا ہو، اسی وجہ سے مختار اس قسم کے اصحاب میں شمار ہوتا ہے۔

العسقلاني الشافعي، أحمد بن علي بن حجر ابو الفضل (متوفى 852هـ)، الأصابة في تمييز الصحابة، ج6، ص350، تحقيق: علي محمد البجاوي، ناشر: دار الجيل - بيروت، الطبعة: الأولى، 1412هـ - 1992م.

اور اسی طرح ابن حجر نے دوسروں کے بارے میں کہا تھا کہ:

وهذا القدر كاف في ثبوت صحبة هذا.

اور یہ بات اسکے صحابی ثابت ہونے کے لیے کافی ہے۔۔

العسقلاني الشافعي، أحمد بن علي بن حجر ابو الفضل (متوفى 852هـ)، الأصابة في تمييز الصحابة، ج2، ص98
تحقيق: علي محمد البجاوي، ناشر: دار الجيل - بيروت، الطبعة: الأولى، 1412هـ - 1992م.

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

بزرگ صحابی رسول حضرت عبداللہ ابن عباس کا مختارؓ کی شہادت کی خبر سُن کر انکی مدح و ثناء کرنا

جب صحابی رسول حضرت عبداللہ ابن عباس کے سامنے مختارؓ کا ذکر ہوا تو انھوں نے فرمایا

وقد روي عن ابن عباس إنه ذكر عنده المختار، فقال: صلّى عليه الكرام الكاتبون.

ملائکہ کراما کاتبین کا درود و سلام ہو مختارؓ پر۔

ابو صالح کہتا ہے کہ: حضرت ابن عباسؓ مختارؓ کے بارے میں کہتے تھے کہ:

اس نے ہمارے خون کا بدلہ لیا اور ہمارے قاتلوں کو قتل کیا ہے، ہم مختارؓ کو بہتر جانتے ہیں، پس تم بھی اسکی فقط اچھائی کو بیان کرو۔

البلاذري، أحمد بن يحيي بن جابر (متوفی 279ھ)
أنساب الأشراف، ج2، ص371، طبق برنامه الجامع الكبير

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

مختارؓ ثقفی -- دشمنان اہلبیتؑ کو واصلِ جہنم کرنے کی آسمانی تعبیر

محدث اہلسنت امام شعبی کہ جو مختارؓ کے مخالفین میں سے تھے انھوں نے خود کہا ہے کہ:

وعن الشعبي قال: رأيت في النوم كأن رجالا من السماء نزلوا معهم حراب يتتبعون قتلة الحسين فما لبثت أن نزل المختار فقتلهم رواه الطبراني وإسناده حسن.

شعبی سے روایت ہوئی ہے کہ اس نے کہا: میں نے خواب میں دیکھا کہ چند مرد آسمان سے نازل ہوئے ہیں اور انکے ساتھ تلواریں بھی ہیں اور وہ امام حسینؑ کے قاتلوں کی تلاش میں ہیں۔ ابھی زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ مختار نے قیام کیا اور ان سب قاتلوں کو قتل کر دیا۔۔

اس روایت کو طبرانی نے نقل کیا ہے اور اس روایت کی سند حسن ہے۔

الهيثمي، ابو الحسن علي بن أبي بكر (متوفی 807ھ)، مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، ج9، ص195، ناشر: دار الريان للتراث/ دار الكتاب العربي - القاهرة، بيروت - 1407ھ.

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ مختارؓ ان آسمانی مردوں کی تعبیر ہے کہ جو خواب شعبی نے دیکھا تھا۔۔

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

علامہ حافظ ابن حجر عسقلانی اور علامہ ابن عبد البر نے مختارؓ ثقفی کو اصحاب رسولؐ اللہ میں شمار کیا ھے

اصحاب کی تقسیم بندی کی بناء پر علامہ ابن حجر عسقلانی نے بہت سے مردوں اور عورتوں کو صحابہ کے دائرے میں ذکر کیا ہے، کہ ان میں سے ایک مختارؓ ابن عبید ثقفیؓ بھی ہیں۔ وہ جب مختار ثقفیؓ کا تعارف ذکر کرتے ہیں تو لکھتے ہیں کہ: علامہ ابن عبد البر نے مختارؓ کو صحابہ میں شمار کیا ہے:

...وکان المختار ولد بالهجرة وبسبب ذلک ذكره بن عبد البر في الصحابة لأنه له رؤية في مايغلب على الظن.

مختارؓ ہجرت کے پہلے سال پیدا ہوئے، اسی وجہ سے ابن عبد البر نے انھیں صحابہ کے دائرے میں ذکر کیا ہے، کیونکہ بہت غالب امکان ہے کہ انھوں نے رسول خدا کو دیکھا ہے۔

العسقلاني الشافعي، أحمد بن علي بن حجر ابو الفضل (متوفى 852ھ)، لسان الميزان، ج6، ص6، تحقيق: دائرة المعرف النظامية - الهند، ناشر: مؤسسة الأعلمي للمطبوعات - بيروت، الطبعة: الثالثة، 1406ھ - 1986م.

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

سوال: امیر مختارؒ کس امامؑ کے زمانہ کے فرد تھے؟
اور اُنہوں نے امام حسینؑ کے قاتلوں سے بدلہ کیسے لیا تھا؟



جواب: امیر مختارؒ، حضرت امام زین العابدینؑ کے ہم عصر تھے۔
انہوں نے سولہ ربیع الاوّل 66 ہجری میں قیام کیا تھا۔
انہوں نے ابراہیم بن مالک اشترؒ کو سات محرّم 67 ہجری میں ابن زیاد لعین سے جنگ کے لئے روانہ کیا تھا۔ امیر مختارؒ فرمایا کرتے تھے کہ:
مجھے کھانا اور پانی اُس وقت تک اچھا نہیں لگے گا
جب تک میں امام حسینؑ کے قاتلوں سے انتقام نہ لے لوں۔
الغرض اُنہوں نے چُن چُن کر دشمنانِ اہل بیتؑ کو قتل کیا اِسی لئے آلِ محمدؐ کے مخالفین نے اُن کی مذمّت میں روایات اختراع کی ہیں اور شیعوں کی نظر میں اُنہیں بے وُقعت بنانے کی غرض سے آئمہ معصومینؑ کے نام سے بھی جھوٹی روایات تخلیق کی تھیں لیکن اللہ نے اُن کی تمام سازشوں کو ناکام بنادیا اور امیر مختارؒ کی شخصیت کو عزّت و احترام عطا فرمایا۔

بحوالہ کتاب: قربان الشہادہ
آیت اللہ سید محمد صادق روحانی
صفحہ 63 , 64

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

ابن زیاد (ملعون) کے سر کو دیکھ کر امام سجادؑ کے چہرے پر مسکراہٹ

امام زین العابدینؑ کو ان کے والد امام حسینؑ
کی شہادت کے بعد کبھی ہنستے ہوئے نہیں دیکھا گیا
سوائے اس دن کے جس دن ابن مرجانہ کا سر آپؑ کے پاس لایا گیا
جب امامؑ نے اس باغی ابنِ زیاد کا سر دیکھا تو فرمایا:
پاک و منزہ ہے خداوند تبارک و تعالیٰ کسی شخص نے دنیا سے
دھوکہ نہیں کھایا سوائے اس شخص کے جس کی گردن پر
نعمتِ الٰہیہ میں سے کوئی نعمت نہ ہو، ابنِ زیاد کے سامنے میرے
والد امام حسینؑ کا سر جس وقت لایا گیا
وہ دوپہر کا کھانا کھا رہا تھا۔

(تاریخ یعقوبی
جلد2۔صفحہ259)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

امام حسینؑ و شہدائے کربلا کے لاشوں کو پامال کرنے والوں سے انتقامِ مختارؓ

روزِ عاشورا جن لوگوں نے گھوڑے کی ٹاپوں سے حضرت امام حسینؑ
اور شہدائے کربلا کے اجسامِ مطہرہ کو پامال کیا تھا
حضرت مختارؓ کے حکم سے ان دس افراد کو گرفتار کیا گیا
اور ان کے ہاتھ پیر باندھ دیئے گئے اور زمین پر لٹا کر ان کے
ہاتھوں اور پیروں پر کیل ٹھونک دی گئی پھر
گھوڑوں کی نعل بندی کر کے ان کے اوپر دوڑا دیئے گئے
جن سے ان کا جسم ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا اور وہ ہلاک ہو گئے۔

(بحار الانوار، ج 45 ص 374)

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

جب ابنِ زیاد کا سر لایا گیا

یعقوبی کا بیان ہے کہ مختارؒ نے اس خبیث یعنی عبید اللہ بن زیاد کا سر امام زین العابدینؑ کی خدمت میں بھیجا اور اپنے قاصد کو یہ تاکید فرمائی کہ یہ سر امامؑ کے سامنے اس وقت پیش کرے جب نمازِ ظہر ادا کرنے کے بعد ان کیلئے دسترخوان لگایا جائے، مختار کا قاصد امامؑ کے دروازہ پر اس وقت پہونچا جب لوگ کھانا کھانے کیلئے امامؑ کے گھر میں داخل ہو رہے تھے

اس وقت اس قاصد نے بلند آواز سے کہا:

اے اہلِ بیتِؑ نبوتؐ! اے خاندانِ رسالتؐ! اے نزولِ ملائکہ کے مرکز اور وحی الٰہی کی منزل!

میں مختار ابن ابی عبیدہ ثقفیؒ کا قاصد ہوں اور عبید اللہ بن زیاد کا سر اپنے ہمراہ لایا ہوں۔

"بنی ہاشم کے گھروں میں کوئی علوی خاتون ایسی نہیں تھی کہ فرطِ مسرت سے جس کی آواز بلند نہ ہوگئی ہو"۔

تاریخ یعقوبی
جلد2صفحہ 259
طبع بیروت

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

مغرور فاتح حاکموں کے برخلاف جناب مختارؓ، کامیابی کے بعد لوگوں سے بڑے ہی احترام اور خضوع و خشوع کے ساتھ ملاقات کرتے تھے اور خاص طور پر کمزوروں اور محروموں کے ساتھ نیکی سے پیش آتے تھے جن کی ان کی فوج میں اکثریت پائی جاتی تھی۔

وہ قوم کے سرداروں اور بزرگوں سے بھی ان کی حد کے مطابق حسنِ سلوک سے پیش آتے تھے اور انہیں اپنے کام میں شریک کر لیا کرتے تھے اور اس کے علاوہ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ وہ اپنے کاموں میں لوگوں سے مشورہ کرتے تھے خود پسند اور خود رائے نہیں تھے۔

(تاریخ طبری، ج 6 ص 33/کامل ابن اثیر، ج 4 ص 226)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

صاحب کتاب الغدیر
آیت اللہ عبدالحسین الامینی کا مختارؒ کے متعلق نظریہ

مختارؒ، دینداری، ہدایت اور اخلاص میں معروف تھے، بے شک آپ کا مقدّس انقلاب عدالت کے نفاذ اور بنی امیہ کے ظلم کو ختم کرنے کے لئے تھا۔
مختار کا مذہبِ کیسانیہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔
آپ کی ذات پر جو تہمتیں لگائی جاتی ہیں، وہ سب کی سب بے بنیاد ہیں۔
بے وجہ نہیں ہے کہ آئمہ علیہم السلام جیسے امام سجادؑ، امام باقرؑ اور امام صادق علیہم السلام نے آپ پر رحمت بھیجی ہے،
خاص کر امام باقر علیہ السلام نے بہت خوبصورتی کے ذریعہ آپ کی ستائش کی ہے اور ہمیشہ اہل بیت علیہم السلام کے نزدیک آپ کی خدمات قابل تحسین و تشکر رہی ہیں۔

(الغدیر، ج 2 ص 434)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

قیامِ مختارؓ پر لبیک کہنے والے اوّلین افراد

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)



صاحب روضۃ الصفاء کا بیان ہے کہ:
جس شخص کے دل میں
محبّتِ اہلِ بیتؑ رسول ﷺ ذرا سی بھی تھی
اس نے مختارؓ کی بیعت میں تاخیر نہیں کی۔
آیت اللہ محسن امین عاملی فرماتے تھے کہ:
مختارؓ کی آواز پر جن لوگوں نے سب سے پہلے لبیک کہا
وہ اہلِ ہمدان تھے اور اہلِ عجم کے وہ لوگ تھے
جو کوفہ میں آباد تھے
جن کی تعداد 20 ہزار کے لگ بھگ تھی۔
(اصدق الاخبار۔ص 38)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

قیامِ مختارؓ کے پہلے دن کی باعظمت نمازِ فجر

انقلاب کے دن اوّل وقت باشکوہ و باعظمت نمازِ صبح جنابِ مختارؓ کی امامت میں قائم ہوئی
اس نماز کے عینی شاہد منجملہ حمید ابن مسلم، والبی، نعمان ابن ابی جعدہ کا کہنا تھا کہ:
ہم نے مختارؓ کی امامت میں نمازِ صبح ادا کی انہوں نے پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد
سورۂ نازعات اور دوسری رکعت میں خوبصورت اور بہترین انداز میں
سورۂ عبس کی تلاوت فرمائی، ہم نے ان سے بڑھ کر فصیح
اور بہترین لب و لہجہ رکھنے والا پیشوا نہیں دیکھا تھا۔

(بحار الانوار، ج 45 ص 368)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

مقصدِ قیامِ مختارؓ، خود مختارِ ثقفیؓ کی زبانی

مختارؓ لوگوں سے بیعت لیتے وقت کہتے تھے کہ تم لوگ کتابِ خدا
اور سنّتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بنیاد پر اور انتقامِ خونِ اہلِ بیتؑ، قاتلانِ حسینؑ سے جنگ،
مستضعفین کے دفاع، ہم سے برسرِ پیکار افراد سے نبرد آزمائی
اور ہم سے صلح رکھنے والوں سے صلح رکھنے کے لیے ہم سے بیعت کرو۔
اس کے جواب میں اگر کوئی ہاں کہہ دیتا تھا تو وہ ان سے بیعت لیتے تھے۔

(تاریخ طبری ج 6 ص 32/تاریخ کامل ج 4 ص 226)

+923332136992
https://downloadshiabooks.com/

حضرت امیر مختار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حضرت مختارؓ نے اہل کوفہ سے ہمکلام ہو کر فرمایا:

میں شعارِ اہل بیتؑ کے قیام، اُن کے مقاصد کے احیاء اور شہداء کے خون کا انتقام لینے کیلئے تمہاری طرف آیا ہوں۔

(البدایۃ والنہایۃ، ج 8 ص 249)

www.facebook.com/madrasatulqaaim